رباعیات حافظ شیرازی

فارسی اردو هندی

34176

چند لفظوں میں

زیر نظر کتاب میں ایران کے مشہور زمانہ شاعر خواجہ حافظ شیرازی کی رباعیات اور ان کا منظوم ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔ اردو ترجمہ کے ساتھ ہی ہر رباعی کا ہندی اسکرپٹ بھی دیا گیا ہے اور وہ اس ترتیب کے ساتھ کہ پہلے صفحہ پر اصل رباعی اور اس کی تشریح مقابل کے ساتھ صفحہ پر اردو منظوم ترجمہ اور اس کے ساتھ ہندی اسکرپٹ!

تقریظ

از تخیل بلند پنڈت گنڈے راؤ واپسی وظیفہ یاب سشن جج
علاقہ حیدرآباد

मूलार्थस्यानुवाद:सुललितपदविन्यास भावोज्ज्वलाऽनु
व्याख्यावाक्यै: प्रगल्भै: कविवरनिकषैर्भासमान: [illegible]
प्राज्ञानां सूक्तिरत्नै:समय समुचितैश्चापि विभ[illegible]
यस्मिन्ना चंद्रसूर्य विजयते राघवेंद्रस्य काव्याम्॥

یعنی

اس منظوم ترجمہ پر متن کے نکات معنوی و مطالب کنایتہً عیاں ہیں۔ نہایت موزوں اور پُر لطف۔ نکات کی توضیح نہایت مختصر جامع اور مرصع نثر میں کی گئی ہے۔ بزرگان واجب التعظیم کے زریں اقوال و اشعار بر محل مثل نگینہ بالکل چسپاں ہیں۔ راگھویندر راؤ صاحب کی یہ تصنیف تاقیام شمس و قمر مقبول رہے۔

خیام آندھرا۔ راگھویندرراؤ جذب

رباعیات حافظ شیرازی

(منظوم ترجمہ)

H
821
H11R

ناشر

مشورہ بک ڈپو

رام نگر کرشن نگر دہلی نمبر ۵۱

جز نقش تو در نظر نیاید ما را
جز کوئے تو رہ گذر نیاید ما را
خوش آمدہ خواب جملہ را در دیدہ
حقا کہ بچشم در نیاید ما را

ہر سو تیری صنعت کے نقشے ہیں، تیری قدرت کے جلوے ہیں۔ کوئی چیز میری آنکھوں میں کھپ نہیں سکتی۔ تیری ہی راہ میں چلتا ہوں، یہی میری رہگذر ہے کسی اور جانب میرا قدم نہیں اٹھتا۔!

فاینما تولوا فثم وجہ اللہ (قرآن کریم)
(ادھر ادھر دیکھو اللہ ہی اللہ ہے)

پا یا تیرے نقوش، دیکھا میں جدھر
کوچہ ہے ترا میرے لئے راہ گذر
ہے خواب خوش آیند برائے مخلوق
اس سے نہیں مانوس مگر میری نظر

पाया तेरे नुक़ूश[1] देखा मैं जिधर
कूचा है तेरा मेरे लिये राहगुज़र[2]
है ख़्वाबे ख़ुश[3] आयंद बराये[4] मख़लूक़[5]
इस से नहीं मानूस[6] मगर तेरी नज़र

१- निशान, २- रास्ता, ३- अच्छा स्वप्न, ४- के लिए
५- जन समूह, ६- जानना ।

برگیر شراب طرب انگیز و بیا
پنہاں ز رقیب سفلہ بستیز و بیا
مشنو سخن خصم کہ بنشین و مرد
بشنو ز من اے نگار و برخیز و بیا

آ! اے محبوب! لے مئے عیش فزا
سفلہ ہے رقیب، اس سے بچ بچ کر آ
باتیں نہ عدو کی سن، یہاں بیٹھ، نہ جا
سن اے محبوب! مان میرا کہنا

اے حسن لایزال! ابلیس کی باتیں نہ سن، میرا کہنا
مان، آ، بادہ نشاط افزا لے اور مجھے قربت نصیب کر

आ! ऐ महबूब ले मये ऐश-फ़िज़ा[1]
सिफ़ला[2] है रक़ीब[3] इससे बच बच के आ
बातें न उदू[4] की सुन 'यहां बैठ' न जा
सुन ऐ महबूब! मान मेरा कहना

१- ऐश देने वाली २- बड़बड़िया, ३- बैरी ४- बैरी

روزیکہ فلک از تو بریدہ است مرا
کس بالب پرخندہ ندیدہ است مرا
چنداں غم ہجراں تو بر دل دارم
من دانم و آنکہ آفریدہ است مرا

عالم سفلی میں پھینکا گیا ہوں تو جب دوری دیدار محبوب سے محروم ہوں۔ اس ہجر کو جو ناقابل برداشت ہے یا تو میں جانتا ہوں یا میرا خدا۔

جس روز سے چرخ نے کیا تجھ سے جدا
خنداں کبھی مجھ کو نہ کسی نے دیکھا
تیری فرقت میں دل پہ اتنا غم ہے
ہے علم مجھے یا ہے خدا کو اس کا

जिस रोज़ से चर्ख़ ने किया तुझसे जुदा
ख़न्दाँ[2] न कभी मुझको न किसी ने देखा
तेरी फ़ुर्क़त में दिल पे इतना ग़म है
है इल्म मुझे या है ख़ुदा को इसका

१- आकाश २- हँसते हुए ३- जुदाई

شاہا چو ترا بدانش و علم و سخا
آں مردمنم کہ می نشانم بسزا
بدخواہ چہ کینہ کرد تا کہ از آں
امروز نکرد خاطرت یاد مرا

حضور کا صحیح معنی میں مداح میں ہوں، مجھ سے کوئی قصور سرزد نہیں ہوا۔ پھر حاضری کی سعادت سے کیوں محروم کیا جا رہا ہوں۔ یہ میرے لئے ناقابل برداشت ہے۔

تیرے علم و سخاوت و دانش کا
اے شاہ! ثناگر نہیں کوئی مجھ سا
وہ کون ہے بدخواہ جو اکسایا انھیں
کیوں آج مجھے یاد نہیں فرمایا

तेरे इलमो सख़ावतो[1] दानिश[2] का
ऐ शाह ! सनागर[3] नहीं कोई मुझ सा
वह कौन है बद ख़्वाह जो उकसाये उन्हें
क्यों आज मुझे याद नहीं फ़रमाया

१- दान करना, २- बुद्धि ३- प्रसंसा करने वाला

با دوست نشیں و بادہ و جام طلب
بوس از لب آں سرو گل اندام طلب
مجروح چو راحت جراحت طلبند
تو از سر زخم نیش حجام طلب

زخمی کو فصاد کے نشتر سے ہی سکون نصیب ہو
سکتا ہے کیونکہ درد عشق ہی حقیقی لذت ہے
عدم میں تم سوگے درد جگر کو اے تسلیم
جو ہو سکے کوئی سینہ پر زخم کھائے چلو

مل بیٹھ کے دوست سے مئے و جام کو چاہ
لے اس لبِ گلرو کا تو بوسہ اے دل
تو چاہے اگر کہ ہو جراحت چندا
کر زخمِ نیشتر سے لذت حاصل

मिल बैठ के दोस्त मयो जाम को चाह
ले उस लबे-गुलरू[1] का तू बोसा ऐ दिल
तू चाहे कि हो जराहत[2] चन्दा[3]
कर ज़ख़्मे-नेशतर से लज़्ज़त हासिल

१- फूल जैसे होंठ 2-ज़ख़्म ३-ज़्यादा

گفتم کہ مگر باتفاقِ اصحاب
در موسم گل ترک کنم بادۂ ناب
بلبل ز چمن نعرۂ زناں داد جواب
کای بیخبراں فصلِ گل و ترکِ شراب

بہار میں لطف مے کشی ہے یعنی جوانی ہی میں زہد
و طاعت کام کرتی ہے پیری اور گوشہ نشینی
مترادف الفاظ ہیں۔ خزاں میں بادہ کشی کا
کیا لطف!

چلنے کا سوئے عدم ارادا کر لے! عقبیٰ کے لیے ابھی کچھ مہیا کر لے
پھر ہوش بڑھاپے میں رہے یا نہ رہے اے جذب جوانی ہی میں توبہ کر لے

فصلِ گُل میں باتفاقِ احباب
تھا قصد مرا ترک کروں بادۂ ناب
بُلبُل نے کیا شور، چمن سے یہ کہا
ناداں! یہ کیا! بہار میں ترکِ شراب

फसले गुल में बाइत्तफाके[१] अहबाब ।
था कुसूर मेरा तर्क करूं बादेऐनाब[२] ।
बुलबुल ने किया शोर चमन से यह कहा
नादां यह क्या बहार में तर्के शराब

१ दोस्तो की राय से २- शराब का प्याला

اے قبلۂ ہر کہ مقبل آمد کویت
روئے دل جملہ بختیاراں سویت
امروز کسے کز تو بگرداند رو!
فردا بکدام دیدہ بیند رویت

کوچۂ حبیبؐ ہی واقعی ہر مومن کے لئے کعبۂ مقصود ہے
اگر کوئی سرکش منکرِ رسالت ہو تو کل قیامت میں
کس مُنہ سے طالبِ شفاعت ہو سکے گا۔

طیبہ ہی کو اب کعبۂ مقصد کہئے　　دہلیز نبیؐ کو سنگِ اسود کہئے
گر حمدِ خدا کا حق ادا کرنا ہے　　دل سے اک بار یا محمدؐ کہئے

امجدؔ

کوچہ ترا ماتا ہوا سب کا کعبہ
رُخ تیری طرف ہے ہر نصیبہ در کا
بدبخت کوئی پھیرے منہ تجھ سے آج
کل حشر میں تجھ کو منہ دکھانے گا کیا

कूचा तेरा माबा हुआ है सब का काबा।
रूख तेरी तरफ है हर नसीबा दर का।
बदबख्त कोई फेर ले मुह मुझ से आज
कल हशर मे तुझको मुंह दिखायगा क्या

اے سایۂ آفتاب زلف سیہیت
شب پوش مہ دو ہفتہ طرف کلہیت
اے شام علمدار خط مشکینت
دے صبح جبینت کش روئے چو ہت

اللہ اللہ زلف سیہ کا سایہ آفتاب ہوا اور گوشۂ کلاہ بدر کامل تو پھر رخ صبح کے کیا کہنے آپ دیدار کس کو حاصل ہے۔

ہیں سایہ خورشید ترے زلف سیاہ
ہے طرف کلہ پردہ مہ کامل کا
ہے شام علمدار خط مشکیں کی
ہے روکش صبح تیرا روئے زیبا

है सायारे खुर्शीद[१] तिरे जुल्फे सियाँह[२]
है तरफे कुलाह[३] परदा महे कामिल[४] का
है शाम अलमदार खते मुश्की की
रुकशे[५] सुवाह तेरा रुऐ जेवा

१- सूर्य २- काली जुल्फे ३-
४- पूरा चांद ५ सुवह की तरह।

امروز کہ روزِ فرقتِ احباب است
نہ وقتِ نشاط و عیش با اصحاب است
ہشیار ازاں نیم کہ مے نیست مرا
مے ہست ولے حریفِ مے نایاب است

یہ نہ سمجھنا کہ مے کے نہ ہونے سے مستی مفقود ہے اور ہوشیاری ہے۔ مے ہے مگر احباب ناپید ہیں سب رخصت ہو چکے اور عیش و نشاط کا زمانہ باقی رہا

ہے آج کا روز روزِ ہجرِ احباب
ممکن نہیں میں عیش کروں کیسے جناب
میں مے کے نہ ہونے سے نہیں ہوں ہشیار
مے ہے لیکن حریفِ مے ہے نایاب

है आज का रोज रोजे हिजरे[1] अहवाव[2]
मुमकिन नही मैं ऐश करू कैसे जनाव
मैं मय के न होने से नही हूं होशियार
मय है लेकिन हरीफे[3] मय है नायाव
१-जुदाई २- मित्रों ३-वैरी

آں ترک پری چہرہ کہ قصدِ جاں داشت
مانندِ پری چہرہ ز من پنہاں داشت
گفتم دہنِ تنگ تو گوئی ہیچ است
گفتا کہ ازیں ہیچ طمع نتواں داشت

منازل بے شمار ہیں محبوب تک رسائی مشکل ہے اور اس سے متمتع ہونا آسان نہیں۔ اس لئے اس راہ میں قربانی ضرورت ہے۔

ہے یارِ پری رو کا مری قصدِ جاں
رُخ مثلِ پری مجھ سے رکھا پنہاں
میں نے کہا تیرا دہن تنگ ہے ہیچ
فرمایا۔ نہیں، اس سے تمتع آساں

है यारे परीरु[1] का मेरी कसदे[2] जां ।
रुख[3] मिसले परी[4] मुझसे है रक्खा पिन्हा[5]
मैंने कहा तेरा दहन[6] तंग है हेच !
फ़रमाया - नही इससे तमत्तो आसां

१- सुन्दर २- इरादा ३- मुख ४- की तरह
५- छुपाया हुआ ६- मुह ।

باآں کہ دلم در غمِ عشقت خون است
حسن تو ز ادراک خرد بیرون است
در زلف تو بیچارہ غریب ست دلم
یارب کہ دراں شامِ غریبم چون است

حُسنِ حقیقی کو ضعیف انسان کیا سمجھے جو عقل و خرد
سے بالاتر ہے۔ اس مسافر کا حال خدا ہی جانے۔

اے عشق مجھے دولتِ ایماں دیدے بے مایہ ہوں اک گنجِ فراواں دیدے
تجھ کو سمجھوں، تری ادا کو سمجھوں! اتنا تو کم سے کم مجھے عرفاں دیدے

جذب

دل میرا تیرے عشق میں پرخون ہوا
ہے حسن ترا عقل وخرد سے بالا
دل کوچۂ گیسو میں ہے سرگشتہ غریب
کیا حال ہے کیا جانیں مسافرِ دل کا

दिल मेरा तिरे इश्क में पुरखून[1] हुआ ।
है हुसन तेरा अक्लो खिरद[2] से वाला ।
दिल कूचाऐ[3] गेसू[4] से है सरगश्ता[5] गरीब
क्या हाल है क्या जाने मुसाफिरे दिल का।
१-घायल २-बुद्धि ३-गली ४-बाल ५-खोयाहुआ

تو بدری و خورشید ترا بندہ شدہ است
تا بندۂ تو شدہ است تابندہ شدہ است
زاں روئے کہ از شعاعِ روئے مہ تو
خورشید منیر و ماہ تابندہ شدہ است

اگرچہ تو بدرِ کامل ہے مگر یہ شمس و قمر تجھ سے
اکتسابِ نور کرتے ہیں ۔

سورج ترا خادم ہے، تو بدرِ کامل
طاعت سے تری نور ہے۔ اس کو حاصل
تیرے رخِ انور کے شعاعوں کے سبب
یہ شمس و قمر ہیں روشنی کے قابل

सुरज तेरा खादिम[1] है तू वदरे कामिल[2]
ताअत[3] से तिरी नूर है इसको हासिल
तेरे रूखे[4] अनवर के श्यायों[5] के सबब से
यह शमसो कमर[6] है रोशनी काबिल
१-दास २-पूरा चांद ३-आज्ञा मानना ४-रोशनमुख
५ किरणे। ६- सूर्य और चन्द्रमा

تا مرغِ دلم فتادہ در دامِ غمت
بر گردنِ دل شدہ است صمصامِ غمت
از شربتِ جامِ دہر بیزار شدم
تا خونِ جگری خورم از جامِ غمت

جو لذاتِ دنیوی سے بیزار ہے اگر اس کو عشقِ حقیقی کا جام میسّر ہو تو اس کی خوشی کے کیا کہنے۔

دل دامِ محبت میں پھنسا ہے جب سے
اس کی گردن پہ تیغ ہے سرتاسر
بیزار ہوں جامِ دہر کے شربت سے
پیتا ہوں محبت میں تیری خونِ جگر

दिल दाम¹ मुहब्बत में फंसा है जब से
उस की गर्दन पे तेग है सरतासर
बेजार² हूं जाम दहर के शर्बत से
पीता हूं मुहब्बत में तेरी खूने जिगर³

१-जाल २-परेशान ३-कलेजे का खून.

چوں چنگ سرِ زلفِ توام چنگ است
ہر لحظہ دلم را بہ لبت آہنگ است
شد پستۂ تنگ تو دلم را روزی
یارب کہ دلِ خستہ چو روزی تنگ است

دہنِ تنگ کسی دل کا حصہ رہا اور روزی تنگ رہی تو اس میں شکایت کا موقع نہیں گیا۔

قسامِ ازل فرض ادا کرتا ہے
جو جس کا ہے اہل وہ دیا کرتا ہے
جذب

در کوئے تو بے خانہ تراز ما کس نیست
نزدیکِ تو بیگانہ تراز ما کس نیست
در سلسلہ طنابت آویختہ ام
زاں روئے کہ دیوانہ تراز ما کس نیست

اے محبوب! بے خانہ اور اسیرِ زلف ہی نہیں بلکہ تیرا دیوانہ ہوں، مگر مجھ سے تیری یہ بیگانہ روی اور غیریت کا سلوک! افسوس۔

گیسو ترے ہاتھوں میں مرے مثلِ چنگ
ہر دم مرے دل کو ترے لب کا آہنگ
تیرا دہن تنگ مرا حصّۂ دل!
یا رب مرا دل خستہ ہے اور روزی تنگ

गेसूं तेरे मेरे हाथों में मिसले चंग[2]
हर दम मेरे दिल को लब का आहंग[3]
तेरा दहने-तंग[4] मेरा हिस्साए दिल
या रब मेरा दिल खस्ता[5] है और रोज़ी तंग

१- नाल २- बाजा ३- आवाज़ ४- छोटा मुंह ५- दुखा हुआ

کوچہ میں ترے میں ہوں فقط بے خانہ
افسوس تری نظر میں ہوں بیگانہ
ہوں تیرے طناب زلف سے آویزاں
مجھ سا نہیں اور کوئی ترا دیوانہ

कूचे मे तेरे मैं हूँ फ़क़त बेखाना[1]
अफ़सोस तेरी नज़र में हूं बेगाना
हूं तेरे तनाबे[2] ज़ुल्फ़ से आवेज़ां[3]
मुझ सा नहीं और कोई तेरा दीवाना

१- बेघर २- बालों की लट - ३- लटका हुआ

در شوخی و دلبری بتِ من طاق است
بے چارہ دلم بوصلِ او مشتاق است
پستہ دہن و لالہ رخ و سیمیں تن!
شیریں سخن و ظریف و سیمیں ساق ست

میرا دوست مجسم دلربائی ہے یہی سبب ہے کہ دل
مشتاقِ وصال ہے۔

میرا دلبر ہے دلربائی میں طاق
دل میرا غریب، وصل کا مشتاق
وہ تنگ دہن ہے لالہ رو سیمیں تن!
شیریں گو اور ظریف ہے سیمیں ساق

मेरा दिलबर है दिलरुबाई में ताक[1]
दिल मेरा ग़रीब-वस्ल[2] का। है मुशताक[3]
वह तंग दहन है लालारू[4] सीमी तन[2]
शीरीं-गो और ज़रीफ़ है सीमीसाक
१- अकेला २- मिलन ३- आशा करने वाला। ४- पुष्प मुखी

مے نوش کہ عمرِ جاودانی این است
خاصیت روزگار فانی این است
ہنگام گل و لالہ و یاران سرمست
خوش باش دمی کہ زندگانی این است

دیکھ دنیا فانی ہے، اس کا حریف اگر ہے تو صرف
عشق الٰہی ہے، احباب ہیں اور موسم بہار ہے مئے
عرفاں نوش کر تاکہ حیات ابدی نصیب ہو۔

پی بادہ کہ عمرِ جاودانی ہے یہی
سرمایہ روزگارِ فانی ہے یہی
ہم مشرب یار بھی ہیں اور فصل بہار
ہو شاد کہ لطفِ زندگی ہے یہی

पी बादा[1] कि उमरे जाविदानी[2] है यही
सरमायाए रोज़गारे फानी[3] है यही
हम मशरबे[4] यार भी हैं फसले बहार
होशाद कि लुत्फे जिन्दगानी है यही

१- जाम २- अमर ३- नश्वरशील ४- एकजैसे

اے روئے تو در لطافت آئینۂ روح
خواہم کہ قدم ہائے خیالت بصبوح
در دیدہ کشم و لے ز خارِ مژہ ام
ترسم کہ شود پائے خیالت مجروح

اے محبوب! تیری نزاکت کے سبب قصد ہو رہا ہے
کہ تصور میں ترے قدم آنکھوں میں رکھوں مگر خار
مژہ سے پائے خیال کے مجروح ہونے کا خیال دامنگیر ہے

بہت آنکھیں ہیں فرشِ راہ چلنا دیکھ کر ظالم   کفِ نازک پہ کانٹا چبھ نہ جائے کوئی مژگاں کا
داغ

کیسے ہیں وہ بیدرد کہ پھولوں کو توڑتے، ملتے اور مسلتے ہیں
اگر یہ جانتے چن چن کے ہم کو توڑیں گے   تو گل کبھی نہ تمنائے رنگ و بو کرتے
ذوق

ہے قصد ترے روئے لطافت کے سبب
آنکھوں پہ تصوّر میں ترے پا رکھوں
ایسا نہ ہو تیرے قدم نازک ہیں
چُبھ جائے کہیں خارِ مژہ خائف ہوں

हैं कस्द[1] तेरे रुऐ[2] लताफत के सबब[3]
आँखों पे तसव्वर[4] में तेरे पा[5] रक्खूं
ऐसा न हो तेरे कदम नाजुक हैं
चुभ जाये खारे मिजह[6] ख़ाइफ[7] हैं

१- विचार २- हसीन मुखड़ा ३ कारण
४- सोच ५- पाव ६- पलक ७ डरता है

اوّل بوفا جام وصالم در داد
چوں مست شدم دامِ جفا را سر داد
باآبِ دو دیدہ پر از آتشِ دل
خاکِ رہِ او شدم بیادم در داد

پہلے وفا، بعد جفا، آتشِ دل پر آنسو گرے، خاک کر دیا، جس کو ہوا نے برباد کیا۔ یہ مراتبِ عشق ہیں، اور عشق کا انجام یہی ہے۔

ازراہ وفا پہلے دیا جامِ وصال
جب مست ہوا جال جفا کا ڈالا
اشکِ آتشِ دل پہ پڑتے ہی خاک ہوا
پھر ہو کر خاکِ راہ برباد ہوا

अफवाहे[1] वफा पहले दिया जामें विसाल[2]
जब मस्त हुआ जालु जफा[3] का डाला
अश्क आतिशे दिल[4] पे पडते ही खाक हुआ
फिर होकर खाके-राह[5] बरबाद हुआ

१- वफा के लिए २- मिलन ३- दगा देना ४- दिल की आग
५- राह की धूल

اے گُل ز برہم نفسے می آید
شادی بدلم از دلسے می آید
پیوستہ ازاں رود کنم ہمدمیش
کز بوئے و یم بوئے کسے می آید

انسان حُسن پرست واقع ہوا ہے حُسن پرستی
ہی نہیں خدا پرستی ہے حُسن کسی صورت و
شکل میں کیوں نہ ہو دیدۂ بینا جُز سے کل کا پتہ
دریافت کرتی ہے عشق ایک عظیم الشان راز ہے
دانہ خرمن ہے ہمیں قطرہ ہی دریا ہم کو آ گئے ہے جز میں نظر کل تماشا ہم کو

گلرخ کے بدن کا گل سے ملتا ہے نشاں
اس واسطے اس سے مرا دل ہے شاداں
رکھتا ہوں میں گل کو اس لئے اپنے پاس
اس سے آتی ہے بو کسی کی ہر آن

गुलरु[1] के बदन का गुल से मिलता है निशां
इस वास्ते उस से मेरा दिल है शादां[2]
रखता हूं मैं गुल को इसलिए अपने पास
उससे आती है बू किसी की हर आं[3]

१- पुष्प मुखी २- खुश ३- हर घड़ी

بردار دل از مادر دہر اے فرزند
با نصف اخیر شوہرش در پیوند
اے قلب برائی ایں چنیں تقاوی
چوں حافظ اگر بہوش خرسند

دنیا کا انجام فنا ہے اس لئے حرص و آز اور شان و شوکت سے حذر لازم ہے۔ حافظ کا کافی تجربہ کے بعد یہ ارشاد بالکل صحیح ہے کہ آغاز ہی سے عشق الٰہی میں مصروف رہنا مناسب ہے۔

اِس دہر سے اے طفل نہ تو دل کو لگا
اچھا ہے قیامت سے لگانا دِل کا
حافظ کی طرح اس کی ہو بو سے شاد
پھر نقدِ نظر کو اس کی تو سمجھے گا

इस दहर¹ से ऐ तिफ्ल² न तू दिल को लगा
अच्छा है क्यामत से लगाना दिल का
हाफिज की तरह हो उसकी वू से शादां
फिर नकदे नजर को उसकी तू समझेगा

१-दुनिया २-बच्चा

با مردمِ نیک بد نمی باید کرد
در بادیہ دیو و دد نمی باید کرد
مفتون معاش خود نمی باید شد
مغرور بعقلِ خود نمی باید کرد

صحبت صالح انسان کو انسان بنا دیتی ہے
درندوں کے مسکن میں انسان کا قیام نہ ممکن
نہ منصب کو قرار ہے۔ نہ انسانی عقل مکمل
اِس لئے انسان کو مغرور نہ ہونا چاہیئے

کر جائیں شریف صحبتِ بد سے حذر
جائیں نہ وحوش و دیو کے مسکن پر
ہوں منصب و اعزاز پہ مفتوں نہ کبھی
ہوں دانش و بینش پہ نہ مغرور اکثر

कर जायें शरीफ़[१] सोहबतें[२] बद से हज़र[३]
जायें नं वुहशो[४] दियो के मसकन[५] पर
हों मनसबो[६] ऐजाज़[७] पे मफ़तू[८] न कभी
हो दानिशो बीनस[९] पेन मगरूर[१०] अक्सर

१- सज्जन २- संगत ३- डरना ४- दीवाने ५- रहने की जगह ६- रुतबा ७- आशिक ८- बुद्धि ९- दृष्टि १०- घमंड

با مے بکنارِ جوئے می باید بود
از غصہ کنارہ جوئے می باید بود
چوں عمرِ گرانمایۂ ما دہ روز ست
خنداں لب و تازہ روئے می باید بود

غصہ ور صحت مند نہیں رہتا اس لئے غصہ کو ترک کرنا مناسب ہے۔ دریا کی سیر صحت بخش ہے عمر چند روزہ ہے مگر نہایت قیمتی۔ اس لئے انسان کو ہمیشہ ہنس مکھ رہنا چاہیئے۔

دریا کے کنارے بادۂ نوشی بہتر
اور غیض و غضب سے ہو حذر اولیٰ تر
جب اپنی متاعِ عمر دس روز کی ہے
خندہ روئی سے ہی گزاریں اکثر

दरिया के किनारे बादानोशी[1] बहतर
और गैज़ो गज़ब[2] से हो हज़र ऊलातर[3]
जब अपनी मताए[4] उमर दस रोज़ की है
खन्दारुई[5] से ही गुज़ारें अक्सर

१-शराब पीना २-जुल्मोसितम ३-अच्छा ४-धन
५-प्रसन्नता।

تا حکم قضائے آسمانی باشد
کار تو ہمیشہ شادمانی باشد
گر جامِ مے تے ز دست تو نوش کنم
سرمایۂ عمرِ جاودانی باشد

جب تک خدا کی مرضی شاملِ حال ہے ہر کام کی تکمیل
بخوشی ہوتی رہے گی۔ اگر معادب کے ہاتھ سے ایک
جام بھی دستیاب ہو تو طالب کو حیات۔ ابدی حاصل
میں کیا شک ہے۔

جب تک ہے مالکِ حقیقی کا حکم
ہر کام کی تکمیل خوشی سے ہوگی
پی لوں جو تیرے ہاتھ سے ایک جامِ شراب
گویا مجھے حاصل ہو حیاتِ ابدی

जव तक है मालिके[1] हकीकी[2] का हुक्म
हर काम की तकमील खुशी से होगी
पी लूं जो तेरे हाथ से इक जामे शराब
गोया मुझे हासिल हो हयाते अवदी[3]

1- खुदा 2- मूर्ति 3- अमर

چوں غنچۂ گل قرابہ پرداز شود
نرگس بہوائی مے قدح ساز شود
خرّم دلِ آں کسے کہ مانند حباب
ہم بر درِ مے خانہ سرافراز شود

غنچے اور نرگس بے حِس ہیں مگر ان میں کبھی احساس پیدا
ہونے کا امکان ہے۔ بدائے برحال کہ انساں کو جو کسی
صورت میں کبھی متاثر نہیں ہوتا۔ اگر انسان محسوس کرے
اور درگاہِ الٰہی پر پڑا رہنے کا خیال پیدا ہو جائے
تو اس کی خوش نصیبی کے کیا کہنے!

جب غُنچۂ گل اٹھائے جامِ صہبا
نرگس ہوس سے میں بنائے ساغر
وہ دل ہے خُوش نصیب مانندِ حباب
ہو جس کی حُضوری درِ مے خانے پر

जब गुन्चये गुल उठाये जामे सहबा[1]
नरगिस हवा से मय ने बनाये सागर
वह दिल है खुशनसीब मानिन्दे हबाव[2]
हो जिसकी हुजूरी दरे मयखाने पर

1-शराब 2-पानी का बुलबुला।

جاں در خمِ زلفِ یار حباں طلبید
وز بند بلا گرہ کشائی طلبید
جاں پیش کشِ ابرو جاناں کردم
چوں حاجب او لعلِ بہائی طلبید

جان صلہ مرے بجرے نجات خواہاں، جان کی قربانی
گویا امانت رسی ہے اس میں کونسا احساس عظیم کیا ہے
جان دی دی ہوئی اسی کی تھی حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا
غالب

تھی جاں کی ہوس قید بلا سے ہو نجات
اور زُلفِ یار میں پنہ کی طالب
کی جان کو پھر ابروئے جاناں کی نذر
تھا لب کے معاوضہ میں خواہاں حاجب

थी जान की हवस कैदे बला से हो निजात[1]
और जुल्फे यार में पनहे[2] की तालिब[3]।
की जान को फिर अबरुऐ[4] जानां की नजर[5]
था लब के मुआवजे में ख्वाहां[6] हाजिब[7]।

१- आबादी २- शरण ३- चाहनेवाले ४- भौंह
५- भेंट करना ६- इच्छुक ७- भौंहे।

خطت برابردہ می گردد!
بازارِ تجارت بستہ می گردد
مارا خجل و دروغ زن می گفتی
پیدا است کہ روئے سیہ می گردد

اے ماہرو! آثارِ زوالِ حُسن نمایاں ہیں۔ نشۂ
غرور اُترتا جارہا ہے۔ خواہ مخواہ منفعل کیا۔ اب تو ہمی
کون سمجھا ہے۔

اے یار ترے چہرے پہ خط ہے پیدا
بازارِ غرور پڑ رہا ہے ٹھنڈا
جھوٹا بھی کہا مجھ کو. کیا شرمندہ
سچ سچ تو بتا کس کا ہے منہ اب کالا

ऐ यार तेरे चहरे पे खत' है पैदा
बाजारे गुरूर पड रहा है ठन्डा
झूठा भी कहा मुझको किया शरमिन्दा
सच सच तो बता किसका है मुंह अब काला
१- रेखा

راہِ طلب تو خارِ غمہا دارد
کو راہروے کہ ایں قدمہا دارد
دانی تو کہ روشناسِ عقل ست آں کو
بر چہرۂ جاں چراغ غمہا دارد

راہ طلب دشوار گزار ہے، یہاں دلیری سے کام نہیں
چلتا خوگرِ مصائب ہی حصولِ رضائے دوست میں
کامیاب ہو سکتا ہے.

ہیں راہ میں تیری خارِ غم کثرت سے
وہ کون دلیر ہے جو اس رہ کو کرے
کچھ علم ہے، کون رہ شناس عقل کا ہے
ہے وہی، جو جان پر اٹھائے صدمے

है राह मे तेरी खारे[1] गम कसरत[2] से
वह कौन दिलेर है जो इस राह[3] को करे
कुछ इल्म है कौन रहशनाश[4] अक्ल का है
है वही जो जान पर उठाये सदमे[5]

१-कांटे २- अधिक ३-रास्ता ४- जानने वाला
५- दुख।

روئے کہ فراق از تو دورم سازد
در ہجر رخِ تو ناصبورم سازد
گر چشم بروئے دگرے باز کنم
حقِ نمکِ حسن تو کورم سازد

میں تیرا ہوں، کسی اور کا نہیں ہو سکتا، اگر دوسرا دروازہ کھٹکھٹاؤں تو نمک حرام کہلاؤنگا میں موحد ہوں باطل پرستی سے دور ہوں گا۔

رلیا اقرار میں نے آپ کا   اب مجھے ہر چیز سے انکار ہے

جذب

کردے گا مجھے فراق جب تجھ سے جُدا
بے صبر رہوں ہجر میں وارفتہ
پڑ جائے مری آنکھ کسی اور پہ گر
حقِ نمکِ حُسن کرے گا اندھا

कर देगा मुझे जव फिराक़[1] तुझसे जुदा
वेसब्र रहूं हिज्र[2] में और वारफ़्ता[3]।
पड़ जाये मेरी आंख किसी और पे गर
हक़्क़े नमके हुसन[4] करेगा अन्धा
१- जुदाई २- जुदाई ३- दुखी ४- अधिकार

شیریں دہناں عہد بپایاں نبرند
صاحب نظراں زعاشقی جاں نبرند
معشوق چو بر مراد دارئے تو بود!
نامِ تو میانِ عشقبازاں نبرند

معشوق عہد شکن اور لاکھ بے وفا سہی بندۂ جاناں ہونا سہل نہیں۔ دلدار پر قربان ہونا عاشق کا کام ہے مگر دعویٰ عشق بیجا۔

پیماں شکنی گو ہے حسینوں کا شعار
عشاق مگر کرتے ہیں جاں اپنی نثار
معشوق اگر ہو بھی ترے حسبِ مراد
تیرا تو نہیں عاشقِ صادق میں شمار

पैमा शिकनी[1] गो है हसीनो का श्यार[2]।
उश्शाक़[3] अगर करते हैं जां अपनी निसार[4]
माशूक अगर हो भी तेरे हसबे मुराद[5]
तेरा तो नही आशिक़े सादिक[6] में शुमार

१- प्रन तोडना २- नियम ३- प्रेमी ४- निछावर होना
५- मन पसन्द ६- सच्चा।

گویند کسانیکہ ز مے پرہیزند!
زانساں کہ بمیرند چناں برخیزند
ما با مے و معشوق از آنیم مدام!
تا بو کہ ز خاک ما چناں انگیزند

زاہد کا قول بالکل صحیح. اگر انسان بادۂ عرفان سے مست اور محبوبِ حقیقی کے خیال میں مستغرق رہے تو اس کے انجامِ نیک کے کیا کہنے!.

جو تارکِ مے ہیں وہ یہی کہتے ہیں!
اُٹھے گا بشر حشر میں جیسے وہ مرے
اس واسطے یارو مے سے ہوں وابستہ
جیسے میں مروں ویسے اُٹھائیں گے مجھے

जो तारिके[1] मय हैं वह यही कहते हैं
उठेगा बशर[2] हशर[3] में जैसे वह मरे
इस वास्ते यारो हूं मय। से वाबस्ता[4]
जैसे में मरू वैसे उठायेंगे मुझे

1- त्यागी 2- मनुष्य 3- क़यामत 4- सम्बन्धित

من بندۂ آں کسم کہ شوقے دارد
برگردنِ خود زعشقِ طوقے دارد
تو لذتِ عشق و عاشقی کے دانی
ایں بادہ کسی خورد کہ ذوقے دارد

نمائشی طاعت بے سود عشق الٰہی کے لئے صحیح ذوق کی ضرورت ہے زاہد خشک عشق و عاشقی کی لذت کیا جانے۔ اس مے کا ذائقہ جو چکھے سو جانے۔

لطف مے تجھ سے کیا کہوں زاہد
ہائے کمبخت تو نے پی ہی نہیں

اس کا بندہ ہوں. جس کا ہے سچا شوق
گردن میں پڑا ہو جس کے عرفان کا طوق
کیا جانے تو عشق و عاشقی کی لذّت
اس مئے کو وہی پیتا ہے جس میں ہو ذوق

उसका बन्दा हूं जिसका है सच्चा शौक।
गरदन में पड़ा हो जिसके इरफ़ान[1] का तौक़[2]
क्या जाने तू इश्क़ व आशाक़ी की लज़्ज़त
इस मय को वही पीता है जिससे हो ज़ौक़

१. तपस्वी २. हार

نہ دولتِ دنیا بستم می ارزد
نہ لذّتِ مستی بہ الم می ارزد
نہ ہفت ہزار سال شادیٔ جہاں
با محنتِ پنج روز غم می ارزد

ستم سے نہ جاہ و حشمت حاصل ہوتی ہے
نہ رنج و غم سے لذّت، عشرتِ طویل کی
غمِ قلیل کے مقابلے میں کیا حقیقت!

حاصل نہ ہوئی جور و ستم سے حشمت
ہستی کو نہ حاصل ہوئی غم سے لذّت
ہو سات ہزار سال عیشِ دُنیا
لیکن غمِ پنج روزہ سے کیا نسبت

हासिल न हो जौरे सितम से हशमत[1]
हस्ती को न हासिल हो ग़म से लज़्ज़त
हो सात हजार साल ऐशो दुनिया
लेकिन ग़मे पंच रोज़ा से क्या निसबत[2]

१-बड़ाई २-सम्बन्ध

وقت ست کہ مستاں بطرب برخیزند
واندر مئے و معشوق و رباب آویزند
یک چند تقاص عمرِ فانی شدہ را
در جام و قدح خونِ صراحی ریزند

زندگی غفلت میں گذری مگر اب وقت ہے کہ
مئے عرفان سے سرشار ہو جائیں اور نغمۂ ربانی کی
طرف دھیان دیں تا کہ گذشتہ کی تلافی ہو سکے ۔

بلا کی ٹھوکریں کھائی ہیں اب کچھ ہوش آیا ہے
ملے واپس خدایا میری عمرِ رائگاں مجھ کو ۔
جذب

اب وقت ہے سامانِ طرب ہاتھ میں لیں
معشوق و مے و رباب کا شغل کریں
غفلت میں بہت عمر ہماری گذری!
اب خوں کو صراحی سے قدح میں ڈالیں

अब वक्त है सामाने तरब हाथ मे लें
माशूको मये रबाब का शग़ल करें
ग़फलत में वहुत उमर हमारी गुजरी
अब खुन को सुराही से कदहे में डालें

१- संगीत . एक प्रकार का साज़ ३- शराब का बड़ा बर्तन

ہجرت کو بجانِ من درد پیش آمد
گوئی نمکے بر جگرِ ریش آمد
می ترسید کز تو شوم روزی دور
دیدی کہ ہماں روز بدیدم پیش آمد

آخر وہ روزِ بد پیش آیا جس کا اندیشہ
تھا گو انسانی ہستی عطا ہوئی مگر مجھے
دوری نصیب ہوئی یہ فراق میرے لئے
عذاب ہے اس لئے اے محبوب پردہ
ہستی کو چاک کر دے تا کہ حضوری
نصیب ہو

آفت ہے مری جان پہ فرقت تیری
کرتی ہے یہی دل پہ نمک افشانی
تھا خوف مجھے تیری جدائی ہوگی
بالآخر یہ بری گھڑی پیش آئی

आफ़त है मेरी जान पे फ़ुरकत[1] तेरी
करती है यही दिल पे नमक अफ़शानी[2]
था ख़ौफ़ मुझे तेरी जुदाई होगी.
बिलाख़िर यह बुरी घड़ी पेश आई

१ जुदाई २- छिड़कना

ہم خاطر تو بر من غمناک افتد
کز مہر ضیا بر خس و خاشاک افتد
گر خاک رہیت بجوم مزن بر من بانگ
حیف ست کہ آواز تو بر خاک افتد

آفتاب گل و گلزار پر یکساں ضیا افگن ہے
اسی طرح تیری رحمت بھی عام ہے۔ میں بندہ
عاجز ہوں، گناہ گار ہوں، مجھے محروم نہ رکھ

ہو مجھ دلِ غمگیں پہ توجہ تیری
پڑتی ہے ضیائے مہر خاشاک پہ بھی
جب خاک بنوں راہ کی مطعون زکر
افسوس۔ پڑے خاک پہ آواز تیری

हो मुझ दिले गमगी पे तवज्जोह तेरी
पडती है ज़्याये[1] मेहर[2] खाशाक[3] पे भी
जब खाक बनूं राह की मतअन[4] जन्कर
अफसोस - पडे खाक पे आवाज तेरी
१- रोशनी २- चंद ३- तिनके ४- जलील।

ہر دوست کہ دم زد ز وفا دشمن شد
ہر راہروے کہ بود تر دامن شد
گویند شب آبستن غیب ست بروز
چوں مرد ندید از کہ آبستن شد

جس نے وفا کی وہی دشمن نکلا۔ کہتے ہیں کہ
دن سعادت کا ظہور ہوا حالانکہ دونوں متضاد
ہیں، ایک کی موجودگی میں دوسرے کا وجود
ناممکن ہے۔

جس دوست نے کی وفا وہ دشمن نکلا
ترا دامن ہے مسافر در پائی
کہتے ہیں کہ شب کا دن سے ٹھہرا ہے حمل
ناواقف مرد حاملہ کیسے ہوئی

जिस दोस्ते ने की वफा वह दुश्मन निकला
तेरा दामन है मुसाफिरे दर पाई।
कहते हैं कि शव का दिन से ठहरा है हमल
नावाकिफे[1] मर्द हामला[2] कैसे हुई

१- अन्जान   २- गर्भवती

بابا دلکام دل مجروح شود!
یا مرغ دلم برفلک روح شود!
امید من آنست بدرگاہِ خدا
کابواب سعادت ہمہ مفتوح شود!

یا دوست سے کامراں نصیب ہوگی یا روح نذرِ جاناں ہوگی بارگاہِ الٰہی سے ہر قسم کی توقع ہے فتح و نصرت کے دروازے وہاں کھلے ہوئے ہیں۔

یادِ دوست سے دل کی کامرانی ہوگی
یا روح اڑے گی عالمِ بالا پر
امید بر آئے گی خدا سے میری
کھل جائے گا ضرور نصرت کا در

यादे दोस्त से दिल की कामरानी[1] होगी
या रूह उडेगी आलमें वाला[2] पर
उम्मीद वर आयेगी खुदा से मेरी
खुल जायेगा जरूर नुसरत[3] का दर[4]

१- जीत २- आकाश ३- जीत ४- दरवाजा

یاری چو نکرد بختِ شوریدہ چہ سود
شادی چو ندیدہ ہیں دلِ غمدیدہ چہ سود
آں مردم دیدہ بود کز دیدہ برفت
چوں مردم دیدہ نیست در دیدہ چہ سود

میرا محبوب آنکھ کی پتلی کی طرح مجسم نور ہے
آنکھ کا مقصد ہے دیدار جب دیدار ہی میسر
نہ ہو تو آنکھ کا وجود بے کار

کیا فائدہ! کی نہ بختِ بد نے یاری!
کیا فائدہ! جب شاد نہ ہو غمگین دل
دلبر ہے مرا آنکھ کی پتلی کی طرح
جب وہ ہی نہ ہو تو آنکھ سے کیا حاصل

क्या फायदा की न वख्ते बद[1] ने यारी।
क्या फायदा जब शाद[2] न हो गमगी दिल
दिलबर है मेरा आंख की पुतली की तरह
जब वह ही न हो तो आंख से क्या हासिल

१- आभाग्य २- खुश

گویند کہ فردوس بریں خواہد بود
فردا می ناب و حور عیں خواہد بود
گر ما می و معشوق گزیدیم چہ باک
چوں عاقبت کار ہمیں خواہد بود

انجام سے واقف ہو کر ہم مے و معشوق سے لپٹ گئے ہیں۔ کیا بُرا کیا۔ کل قیامت میں بھی تو یہی چیزیں میسر آنے والی ہیں۔

واعظ کا بیاں ہے کہ بروزِ محشر
جنّت میں ملیں حور۔ چلے دورِ جام
ہم ہیں مے و معشوق میں مصروف اگر
کیا خوف ہے۔ آخر تو یہی ہے انجام

वाइज़[1] का बयां है कि बरोज़े महशर[2]
जन्नत में मिले हूर- चले दौरेजाम
हम हैं मयो माशूक में मसरूफ़ अगर
क्या खौफ़ है- आखिर तो यही है अंजाम

१-उपदेशक २- कयामत के दिन।

زاں بادۂ دیرینہ دہقاں پرورد
دردہ کہ بساطِ غم نخواہم گرد
مستم کن و بے خبر ز احوالِ جہاں
تا سرِ جہاں بگویمت اے سرہ مرد

جب تک ظاہری دُنیا سے پرہیز نہ کیا جائے زمانہ کی حقیقت سے آگاہ ہونا دشوار ہے۔

دہقاں کی بنائی ہوئی مے مجھ کو دے
منزل ہائے حیات طے کر جاؤں
احوالِ جہاں سے بے خبر کر دے پھر
اے مردِ نکو، رازِ جہاں فاش کروں

दहकाँ[1] की बनाई हुई मय मुझको दे
मंजिल[2] हाये हयात ते कर जाऊं
ऐहवाले जहां से बेखबर कर दे फिर
ऐ मरदे-निकू[3] राज़े जहां फाश करूं

१- गांव का आदमी २- बहुत सी मन्जिल ३- अच्छा आदमी

ایامِ شباب مست شراب اولے تر
بر غمزدۂ مست و خراب اولے تر
عالم ہمہ سر بسر خراب ست و خراب
در جائی خراب ہم خراب اولے تر

دنیا ویران گاہ ہے، اِس سے بچ کر رہنے کے
لئے انسان کو چاہیئے کہ عشقِ الٰہی سے
سرشار رہے۔

مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہیئے
غالب

ہے عہدِ شباب میں بھلی مے‌خواری
ہر غمگین کے لئے ہے اچھی مستی
دُنیا ہے خراب، اہلِ دُنیا مدہوش
اے دل بے خرابہ میں خرابی اچھی

है अहदे शवाब[1] में भली मय खवारी।
हर गमगीं के लिए है अच्छी मस्ती।
दुनिया है खराब अहले दुनिया[2] मदहोशी
ऐ दिल है खरावे[3] में खरावी अच्छी।
1- जवानी के दिन 2- दुनिया वाले 3- मस्ती।

سیلاب گرفت گردِ ویرانۂ عمر
آغاز پرِ بہادِ پیمانۂ عمر
بیدار شوائے خواجہ کہ خوش خوش بکشد
جمّال زمانہ رخت از خانۂ عمر

جوانی گئی، پیری آئی، عروج کا زمانہ ختم ہوا، بربادی
کے آثار نمایاں ہیں، کب تک خوابِ غفلت، جاگو
اور طاعتِ الٰہی میں معروف ہو جاؤ ؎

وہ بادۂ شبانہ کی سرمستیاں کہاں
اٹھئے بس اب کہ لذّتِ خوابِ سحر گئی!
غالب

ویرانۂ زندگی میں طوفان اٹھا
بھرنے کو ہے تیری عمر کا پیمانہ
ہشیار ہو اے خواجہ کہ حمّالِ زماں
لے جائے گا زندگی کا کل سرمایہ

वीरानये जिन्दगी में तूफां उठठा
भरने को है तेरी उम्र का पैमाना
हुशियार हो ऐ ख्वाजा कि हम्मालेज्मां
ले जायगा जिन्दगी का कुल सरमाया

१- मौत का फरिश्ता।

خوبانِ جہاں صید تواں کرد بزر
خوش خوش برایشاں بتواں خورد بزر
نرگس کہ کلہدارِ جہاں ست ببیں
کاں نیز چگونہ سر برآورد بزر

معشوقِ حقیقی کے مقابلے سارا سرمایہ ہیچ ہے وہ کسی قیمت پر بھی نہیں مل سکتا اس کے لئے محض یا زندگی کی قربانی کی ضرورت ہے۔

ہو سکتے ہیں زیر زر سے خوبان جہاں
اور اُن سے مُستفید ہونا آساں
نرگس زر سے ہے سر بر آوردہ فقط
لیکن ہے بے نیازان سے جاناں

हो सकते हैं ज़ेर खुवावे[1] ज़हां
और उनसे मुस्तफेद[2] होना आसां
नर गिस न रहे हैं सरवर आवुर्दा[3] फकत
लेकिन है वेनियाज[4] उन से जाना

१- हसीन २- लाभ प्राप्त करना ३- जाहिर होना ४- बेपरवाह।

در سنبلش آویختم از روئے نیاز
گفتم من سودازدہ را چارہ باز
گفتا کہ لبم بگیر و زلفم بگذار
در عیش خوش آویز نہ در عمر دراز

مسرت دائمی کی تمنا ہے تو درازیٔ عمر کی خواہش
فضول، نغمۂ رحمانی کو بغور سنو اور اس پر
عمل کرو۔ یہی عشرت جاوید کا موجب ہے

زُلفوں سے لپٹ کر بہ ادب میں نے کہا
سوداز دہ ہوں کیجئے کچھ تو درماں!
فرمایا کہ زُلف چھوڑ لب کو لے لے
عیشِ جاوید کا یہی ہے ساماں!

ज़ुल्फ़ों से लिपट कर बाअदब मैंने कहा
सौदाज़दा¹ हूं कीजिये कुछ तो दरमां²
फ़रमाया कि ज़ुल्फ़ छोड़ लब को ले लें
ऐशो जाविदं³ का यही है सामां

१-दीवाना २-इलाज ३- अमर

دوش از غم تو دمی نخفتم تا روز
یاقوت بنوکِ مژہ سفتم تا روز
دردت کہ بجس نتوانم گفتن!
ہم با دلِ خویشتن بگفتم تا روز

اے یار! تیرے فراق میں شب بھر روتا رہا ہوں
اور دیوانوں کی طرح دل سے مصروفِ
گفتگو رہا ہوں۔ اس درد کا اظہار کس سے
کروں تو ہی سن لے اور دیدار میسّر کر۔

کل رات غم فراق میں سو نہ سکا
پلکوں سے میں یاقوت پروتا ہی رہا
اوروں کو غم ہجر سناؤں کیسے
شب بھر دل سے سخن کو جاری رکھا

कल रात गमे फिराक[1] में सो न सका।
पलको से मैं याकूत[2] पिरोता ही रहा।
औरों को गमे हिजर[3] सुनाऊ कैसे
शब[4] भर दिलसे सुखन[5] को जारी रक्खा।

1-जुदाई 2-मोती 3-जुदाई 4-रात 5-बात करना

مردی ز کنندۂ در خیبر پرس
اسرار کرم ز خواجہ قنبر پرس
گر تشنۂ فیض رحمتی اے حافظ
سرچشمۂ آں ز ساقی کوثر پرس

متلاشی رحمت الٰہی کو چاہیئے کہ ساقی کوثر سے رجوع ہو کیونکہ نبیٔ امی کا مقلد مسلم ہی منزل مقصود تک پہنچ سکتا ہے۔

مردانگی کیا ہے شاہ خیبر سے پوچھ
اسرار کرم خواجۂ قنبر سے پوچھ
فیضِ رحمت کا تشنہ ہے گر حافظ
سرچشمہ ہے وہ ساقی کوثر سے پوچھ

मरदानगी क्या है शाहे[1] खैबर से पूछ
असरारे करम ख्वाजये[2] कनबर से पूछ
फेजे रहमत का तिशनों[3] है गर हाफिज़
सर चशमा है वह साकीय कौसर से पूछ

1-हज़रत अली 2-हजरत अली का गुलाम
3-प्यासा।

اے دوست دل از جفائے دشمن درکش
بارائے نکو شراب روشن درکش
باروئے نکو گوئی گریباں بکشائے
وز ناابلاں تمام دامن درکش!

دشمن کے جور و ستم کو سہو، نااہلوں سے
بچو، صحبت صالح میں رہ کرے طہور (عشق
الٰہی) سے سرشار ہو جاؤ

برداشت کر اے دوست ستم دشمن کے
با عقل نکو مے مصفا پی لے
نیکوں کی اختیار کر تو صحبت
دامن سے بچاتے ہوئے نااہلوں سے

बरदाश्त कर ऐ दोस्त सितम दुश्मन के
बा अक्ले निकू मये मुसफ्फा[1] पी ले
नेकों की इख्तियार कर तू मुहबत
दामन को बचाते हुए ना अहलों[2] से

1- स्वच्छ 2- जाहिल।

چشم تو کہ سحر بابل ست استادش
حقا کہ فسو نہا نرود از یادش
آں زلف کہ گرد حلقہ در گوش جمال
آویزہ زدر نظم حافظؔ یادش

حافظؔ کی نظمیں جو درہائے بے بہا کی مثال
ہیں شرفِ قبولیت حاصل کریں اور بس
اس کے سوا اور کوئی مقصد اِس کا نہیں

بابل کے ہے جادو کی تری آنکھ استاد
افسوس کبھی تیرا نہیں بھولا جاتا
اس زلف کا جس میں تیرا محصور ہے حسن
حافظ کا درِ نظم بنے آویزا

वाबुल के है जादू की तेरी आंख उस्ताद 1
अफसूं 2 कभी तेरा नही भुला जाता 1
उस जुल्फ का जिसमे तेरा हुस्न है महसूर 2
हाफिज का दुरे नज्म बने आवेजां 3

१- जादू 2- घिरा हुआ 3- मोती ४ कविता

بنگر چمن جمال فرخندۂ گل
کز گریۂ ابر بیں دگر خندۂ گل
سر دار چو بآزادیٔ خود می نازد
از راستی کہ داشت شد بندۂ گل

دنیا کو غور سے دیکھو مسرت و غم کے پہلوؤں پر نظر ڈالو
یعنی اقوام کے عروج و زوال، جو قوم آزادی کی دعویدار
ہے وہ ابھی غلام ہے کیونکہ آزادی کے لئے، جن باتوں
کی ضرورت تھی، اس میں موجود نہیں ہے۔

ہر سعی ہے تری خام معلوم نہیں ہر فکر ہے ناتمام معلوم نہیں!
کیوں راگ لا رہا ہے آزادی کی تو ہے اب بھی غلام معلوم نہیں!

چشمِ عبرت بہارِ گلشن کو دیکھ
دیکھ ابر کو اور دیکھ گُل کا کھلنا
آزادی پہ ہے سرو کو نازِ بیجا
سچ پوچھیئے تو وہ بھی ہے گُل بندا

चश्मे इबरत ! बहारे गुलशन कोदेख
देख अब्र को और देख गुलका खिलना
आज़ादी पे है सर्व को नाज़े बेजा
सच पूछिये तो वह भी है गुलका बन्दा
रुबाइ २-वक्त ।

چوں جامہ زتن بر کشد آں مشکیں خال
حقا کہ نظیر خود ندارد بمثال!
در سینہ دلش زنازکی بتواں دید
مانندۂ سنگریزہ در آبِ زلال

اپنے محبوب کی نزاکت و لطافت میں نظیر
نہیں اور صفائی میں بھی اس کی مثال نہیں
کہ طالبوں کو انواع و اقسام کے مصائب
میں ڈالتا ہے اور امتحان لیتا رہتا ہے۔

اترا جو لباس آئے نظر مشکیں خال
اللہ کی قسم ملتی نہیں جس کی مثال
دل اس کا لطافت سے ہے سینے میں نہاں
گویا ہے سنگریزہ در آبِ زلال

उतरा जो लिवास आये नज़र मुश्की खाल[१]।।
अल्ला की कसम मिलती नही जिसकी मिसाल
दिल उसका लताफ़त[२] से है सीने में निहाँ[३]
गोया है संगरेज़ा[४] दर आवे जिलाल।
१- तिल २- हल्कापन ३- छिपा हुआ ४- पत्थर का टुकड़ा

ہرگز نہ کنی یادِ من اے شمعِ چگل
تردِ من اگرچہ ہست کارے مشکل
دردی کہ من از غمِ تو دارم دلِ
دلِ داند و من دانم و من دانم و دل

تیری مطلق نظر التفات نہیں تیرے عشق
میں جو درد ہے اِس کو یا میں جانتا ہوں یا
میرا دِل جانتا ہے۔

اے یار مجھے یاد نہیں کرتا ہے ۔
میرے لئے تو ہے یہ مصیبت مشکل
جو درد ترے عشق میں ہے دل میں مرے
اس سے آگاہ میں ہوں یا ہے مرا دل

ऐ यार मुझे याद नही करता है।
मेरे लिये तो है यह मुसीबत मुश्किल
जो दर्द तेरे इश्क़ मे हैं दिल में मेरे
उससे आगाह मैं हूं या है मेरा दिल

از یار وفا دید کہ تا من بینم
راحت ز جفا کہ دید تا من بینم
تو عمر منی و بے وفائی چہ کنم
از عمر وفا کہ دید تا من بینم

نہ عمر نے وفا کی ہے نہ یار نے پھر شکایت کیوں ہو جفا کاری
شان دلبری ہے مگر طالبان حق کے لئے مصیبت
ضرور ہے اور امتحان بھی ہے
جذب کیسے ہو امتحان کے بغیر   آشکار است نیک بشر
زر کی قیمت نہیں بتا سکتے   گر نہ کھینچیں اسے کسوٹی پر

کی یار نے کس سے کہ ہو امید وفا
امید ہی کیا جفا سے راحت کیوں ہو
تو زیست مری مگر وفا تجھ میں نہیں
جب عمر ہو بیوفا شکایت کیوں ہو

की यार ने किस से कि हो उम्मीदे वफ़ा
उम्मीद ही क्या - जफ़ा से राहत क्यों हो
तू जीस्त मेरी मगर वफ़ा तुझ से नहीं
जब उम्र हो बेवफ़ा शिकायत क्यों हो

1-ज़ुल्म 2-आराम

آں بہ کہ ز جام بادہ دل شاد کنیم
وز آرزوی گذشتہ کم یاد کنیم
دیں عاریتی رواں زندانی ما
یک لحظہ ز بند عقل آزاد کنیم

عقل روح کے لئے ایک قید ہے مگر کبھی کبھی عشق خدا میں اس کو ترک کرنا پڑتا ہے. ماضی اختیار کی چیز ہے نہ مستقبل - حال کو بہتر سے بہتر بنانا عقلمندی کی ہے -

افعال گزشتہ کو کبھی یاد نہ کر مستقبل کے لیے کبھی فریاد نہ کر
جو کچھ کہ ہوا ہوا جو ہوگا ہوگا اس فکر میں تو حال کو برباد نہ کر

جذب

آواز پر مرغ طرب می شنوم
یا نفحۂ گلزار ادب می شنوم
یا یاد حدیثے زلبش می گوید
القصہ حکایتی عجب می شنوم

مرغ طرب کی صدا صور یا صور گلزار ادب کی صبا نے لب شیریں کی گفتگو چھیڑی ہے جس سے معشوق حقیقی کا پتہ ملتا ہے یہ عجیب قصہ ہے جو سننے میں آرہا ہے۔

بہتر ہے کہ جام مے سے دل شاد کریں
اور حسرت ماضی کو نہ ہم یاد کریں
یہ روح مستعار تن میں ہے قید
قید دانش سے گاہ آزاد کریں

बहतर है कि जामे मय से दिलशाद[1] करें
और हसरतेमाजी[2] को न हम याद करें
यह रूहे मुस्तआर[3] तन में है कैद
कैदो दानिश से गाह आजाद करें

१ खाश २-बाते अरमान ३- उधार लेना

سنتا ہوں پر مرغ مسرت کی صدا
یا صور گلستان ادب سنتا ہوں
یا چھیڑتی ہے صبا ترے لب کی حدیث
القصہ قصۂ عجب سنتا ہوں

सुनता हूं परे मुर्गे मसर्रत की सदा।
यां सूरे गुलिसताने अदव सुनता हूं।
या छेड़ती है बादे सवा तेरे लव की हदीस
अलकिस्सा किस्सा अजव सुनता हूं।

در ہجر تو من شمع افزوں گریم
مانند صراحی اشک گلگوں گریم
چوں ساغر بادہ ام کہ از دلتنگی!
چوں نالۂ چنگ بشنوم خوں گریم

غمگین ہوں مگر کسی اور کے درد دل کی آواز
سنتا ہوں تو تڑپ اٹھتا ہوں اور خون
کے آنسو جاری ہو جاتے ہیں۔

خنجر چلے کسی پہ تڑپتے ہیں امیر
سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے

مانند صراحی ہوں میں اشک خونیں
فرقت میں شمع سے فزوں روتا ہوں
مثلِ ساغر ہوں۔ دل کی تنگی کے سبب
آتے ہی صدا چنگ سے خوں روتا ہوں

मानिन्दे सुराही हूं मैं अश्के[1] खूनी।
फुरकत में शमां से फ़ुज़ू रोता हूं।
मिस्ले सागर हूं दिल की तंगीके सबब
आते ही सदा चंग[2] से खूं रोता है।

१-खून के आंसू २-एक तरह का बाजा।

جاناں چو شبی با تو بروز آوردم
گر بے تو دمے برآورم تا مردم
از مرگ نہ ترسم پس ازیں کآب حیات
از چشمہ نوش آبدارت خوردم

دم بھر کی بھی یار کی صحبت نصیب ہو تو جدا نہ ہو سکوں گا اور جان کی بازی لگا دوں گا کہ میرے لئے حیات جاوید ہے۔

اے یار جو اک شب کی بھی صحبت مل جائے
دم بھر کے لئے کبھی نہ رہوں تجھ سے جُدا
وہ چشمۂ نوشیں ہے مجھے آب حیات
گر وہ ملے. پھر خوف نہیں مرنے کا

ऐ यार जो इक शब[1] की भी सुहबत मिलजाये
दम भर के लिए भी न रहूं तुझसे जुदा
वह चशमये नोशीं है मुझे आबे हय्यात[2]
गर वह मिले खोफ नहीं मरने का

१- रात २- अमृत

در آرزوئے بوس و کنارت مردم
در حسرتِ لعلِ آبدارت مردم
قصّہ چہ کنم دراز کوتاہ کنم
باز آ باز آ کہ انتظارت مردم

بوسہ ہائے لب شیریں کے لئے جو میرے حق
میں آب حیات ہیں ترس رہا ہوں اور
انتظار میں مر رہا ہوں آ جلد آ ورنہ زندہ
رہنا مشکل ہو جائے گا

ذوقِ بوس و کنار میں مرتا ہوں
حرصِ لبِ آبدار میں مرتا ہوں
قصہ ہے طویل اس کو کروں کیا کوتاہ
آ۔ آ ترے انتظار میں مرتا ہوں

जौके बोसो किनार में मरता हूं
हिरसे[१] लबे आवदार[२] में मरता हूं
किस्सा है तवील[३] इसको करूं क्या कोताह[४]
आ-आ! तिरे इन्तिज़ार में मरता हूं

१- लालच २- पतले होंट ३- लम्बा ४- कम

حق ترک تو اے نگار آساں ندہم
تا پیش زمرد خطت جاں ندہم
یاقوت لبت کہ قوت جانست مرا
آں را بدو صد ہزار مرجاں ندہم

محبوب کے مقابلے میں دین و دنیا کی نعمتیں ہیچ ہیں مجھے ان نعمتوں کی خواہش نہیں دیدار کی تمنا ہے اور بس۔

ہو جاؤں نہ جب تک ترے خط پر قرباں
میں تجھ کو کروں ترک نہیں ہے آساں
تیرے لب لعلیں ہیں مری جاں کی غذا
میں ان کو نہ دوں دے کوئی لاکھوں مرجاں

हो जाऊं न जब तक तेरे खत पर कुरबां
मैं तुझ को करूं तर्क नही है आसां
तेरे लबे लाली है मेरी जां की गिजा
मैं इनको न दूं - दे कोई लाखों मरजां 3

१-मुखड़ा २-छोड़ना 3- हीरे मोती।

من حاصلِ عمرِ خود ندارم جز غم
در عشق تو یار خود ندارم جز غم
یک ہمدم و ہمراز ندارم نفسے!
یک مونس و غمخوار ندارم جز غم

میرا ہمدرد کوئی رہا تو صرف غم۔ زندگی بھر غم سے واسطہ رہا۔
الفت کے صلے میں کیا ملے غم کے سوا۔

ربائی

دنیا میں مسرتوں کا امکاں کم ہے   گویا غم ہی حقیقت عالم ہے!
ہوتا ہوں جو خوش تو غم کے اندیشے ہیں   میری تو خوشی بھی اک طرح کا غم ہے
جذب

کچھ زیست میں حاصل نہ ہوا غم کے سوا
اور عشق میں تیرے یہی غم خوار رہا
اک لمحہ کسی نے بھی نہ کی ہمدردی
مونس جو ملا مجھ کو فقط غم ہی ملا

कुछ ज़ीस्त[1] में हासिल न हुआ गमके सिवा
और इश्क मे तेरे यही गमखुआर[2] हमदर्दी
इक लमहा[3] किसीने भी न की हमदर्दी
मूनिस[4] जो मिला मुझको फ़क्त गम ही मिला

१ जीवन २-गम खाने वाला ३-पल ४- साथी.

اے باد بگو زراہ دلداری من
آں راکہ نباشد غمی از زاری من
تو خفتہ بمہد عیشِ شبہائے دراز
آیا داری خبر زبیداری من

اے صبا! میری تسکین کے لئے ذرا یار سے
کہہ دے کہ تو تو خوابِ عشرت میں مگن ہے
اور میری بے قراری سے بے خبر ہے
دوبارہ دیدار سے سرفراز کر .

تسکین کو مری یار سے کہدے یہ صبا
پروا نہیں کچھ تجھ کو مری زاری کی
تو عیش کی نیند رات بھر کرتا ہے
لیکن بے خبر بھی مری بے تابی کی

तस्कीं[1] को मेरी यार से कहदे यह सबा[2]
परवा नही कुछ तुझको मेरी ज़ारी[3] की
तू ऐश की नीद रात भर करता है
लेकिन है खबर भी मेरी बेताबी की

१- तसल्ली २- पवन ३- रोना

یا آنکہ بند مہر و مہ از صد تمکیں
بر خاکِ جنابِ تو شب و روز جبیں
از دستِ دل و دیدہ بتنگم منشاں
در آتشِ انتظار و فارغ منشیں!

چاند، سورج تیرے در کی جبہہ سائی کریں.
اور ہم انسان کا شرف پا کر عذاب دوری میں
مبتلا رہیں، اللہ رے انصاف!

جب فخر سے آفتاب و ماہ تاباں
کرتے ہیں جبہہ سائی ترے در کی!
دل ہے فرصت میں تنگ آنکھیں بیتاب
دلِ کو نہ جلا۔ نہ بے رُخی کر اتنی

जब फख़्र से आफताबो² माहे तावां।
करते हैं जुब्बा साई¹ तेरे दर की।
दिल है फुरसत में तंग आखें वेताब।
दिलको न जला - न पे रुखी करइतनी

१. घमंड २. सूर्य-चन्द्रमा ३. माथा रगड़ना।

چوں بادہ ز غم بایدت خوشیدن
بالشکرِ غم چہ بایدت کوشیدن
سبزست سرت بادہ ازاں و در مدار
می بر سرِ سبزہ خوش بود نوشیدن

سبزہ پر بادہ نوشی کا خوب لُطف آتا ہے۔
غم سے مقابلہ ناممکن غم غلط کرنے کے لئے
یہی اچھا شغل ہے کہ عشقِ الٰہی کے جام
لنڈھاتے رہیں۔

بنوش بادہ کہ ایام غم نخواہد ماند

تو مے کی طرح جوش میں کیوں آتا ہے
ممکن نہیں جنگ رنج کے لشکر سے
ہے عہدِ شباب شغل مے نوشی کا
سبزہ پہ ہو محظوظ مے احمر سے

तू मय की तरह जोश मैं कयो आता है
मुमकिन नही जंग रंज के लशकर से
है अहदे शवाव शगल मय नोशी का
सवज़े पे हो महजूज[1] मये अहमर[2] से
१- आनन्दित होना २- सुर्ख़

اے رائے تو صحرائے امل پیمودن
تا چند بر آفتاب گِل اندودن
گر در دہن شعر شوی بہر طمع
آخر نہ شکار گور خواہی بودن!

انسانی کوشش بے سود، نہ اصابتِ رائے
کام آسکتی ہے نہ صحیح الدماغی، حرص و آز
کے نتیجہ میں منفعت صفر، خطرہ لازمی ہے

صحرائے اہلِ عقل تری کرتی ہے طے
خُورشید پہ تو خاک اچھالے کبتک
لالچ سے اگر شیر کے منہ میں گھس جائے
آخر نہ مرے تو جان سنبھالے کبتک

सहराये अमल अकल तेरी करती है तै।
खुर्शीद[2] पे तू खाक उछाले कब तक।
लालच से अगर शेर के मुह में धुस जाये
आखिर न मर तू जो समाले कब तक।

२ सूर्य

اے شرم زدہ غنچہ مستور از تو
حیران و خجل نرگس مستور از تو
گل با تو برابری کجا آرد کرد
کو نور زمہ دارد و مہ نور از تو

اے دلبر حقیقی! تجھ سے ماہ کو اور ماہ سے گُل کو نور حاصل ہے۔ تمام دنیا تیرے ہی نُور سے منور ہے۔

اللہ نور السموات والارض

یہ حسن ترا غنچۂ مستور خجل!
نرگس شرمندگی سے بالکل معمور
گل کیا کرے تیری ہمسری کا دعویٰ
گل ماہ سے اور ماہ ہے تجھ سے پرنور

यह हुस्न तेरा गुनचये मसतूर[1] खिजल
नरगिस शरमिन्दगी से बिलकुल मामूर[2]
गुल क्या करे तेरी हमसरी[3] का दावा
गुल[4] माह[5] से और माह है तुझसे पुरनूर[6]

१-छुपा हुआ २-भरपूर ३-बराबरी ४-फूल ५-चांद
६-दीप्ति मान।।

تا کے بود ایں جور و جفا کردن تو!
بیہودہ ہمہ خلائق آزردن تو!
تیغ است بدست اہل دل خون آلود!
گر بر تو رسد خون تو بر گردن تو!

تو نے جور و جفا کی ایک قیامت بپا کر دی
اور اہل دل کو نشانہ بنایا۔ دیکھ اچھا نہیں
آزار خلائق بڑی بری چیز ہے۔

کب تک کرتا رہے گا یہ جور و ستم
آزار خلائق کو نہ دے اے دلبر
ہے ہاتھ میں اہل دل کے تیغ خونریز
ہو وار تو اس کا خون ہے تیرے سر

कब तक करता रहेगा यह जौरो सितम[1]
आजारे[2] खलाईक[3] को न दे ऐ दिलबर
है हाथ में अहले दिल के तेगे खूंरेज़[4]
होवार तो इसका खून है तेरे सर

१-जुल्म करना २-दुख ३-प्राणी मात्रा ४ खून बहाने
वाले.

چشمت کہ فریب رنگ میبار دازو
زنہار کہ تیغ جنگ میبار دازو
بس زود ملول گشتی از ہم نفسان
آہ از دل تو سنگ میبار دازو

اے محبوب! تو نہایت زود رنج ہے اپنے ہی احباب سے خفا ہو جاتا ہے۔ تیری یہ سفاکی قابل اعتراض ہے۔

آنکھوں سے ترے فریب سرخی ہے عیاں
جنگی تلوار کی ہے گویا باراں!
یاروں سے تو ہوتا ہے بہت جلد ملول
میں ہوں تیری اس سنگدلی پر حیراں

आंखों से तेरे फरेबो सुर्खी है अयां
जंगी तलवार की है गोया बारां
यारो से तू होता है बहुत जल्द मलूल
मैं हूं तेरी इस संगदिली पर हैरां

१ जाहिर २ - बारिश ३ - उदास

آں باز طرب شکار در دستم نہ
آں ساغر چوں نگار در دستم نہ
آں زلف چو زنجیر کہ پیچید بر خود
دیوانہ شدم سار در دستم نہ

اے محبوب! تیری فرقت میری دیوانگی کا موجب ہے اس لئے مسرت عطا کر اور شرف وصال بخش۔

اس باز کو دے جو کہ خوشی کو پھانسے
دے اس ساغر کو جو ہے مثلِ دلبر
اس زلف کو دے جو کہ ہے مثلِ زنجیر
دیوانہ بغیر اس کے ہوں بندہ پرور

उस बाज को दे कि खुशी को फांसे
दे उस सागर[1] को जो है मिसले[2] दिलबर
उस जुल्फ को दे जो है मिसले जंजीर
दीवाना बगैर उसके हूं बनदा परवर

१-शराब का प्याला २-मिसाल

اے کاش کہ بخت سازگاری کردے
یا چرخِ زمانہ بازیاری کردے!
از دست جوانیم چو بر بود عنان
پیری چو رکاب پائداری کردے

جوانی آئی اور گئی پیری کا کیا ٹھکانہ۔ وہ ابھی غفلت کی گہری نیند میں ہے۔ اعمال حسنہ سے ہاتھ دھو بیٹھے اور طاعت الٰہی سے دور رہے۔ افسوس!

بر روز بدریائے ہوس گرداں　　از ظلمتِ غفلت ہمہ شب در خوابی
ایامِ جوانی شد و پیری آمد　　رفت اگر فیضِ چمن دریابی

سرمد

کرتا اے کاش بخت یاری میری
گردون زمانہ ساز کرتا یاری!
ہاتھوں سے جوانی کی عناں چھوٹ گئی
قایم مثلِ رکاب رہتی پیری

करता काश बख्त[1] यारी मेरी
गरदूने[2] जमाना साज करता यारी
हाथों से जवानी की अनां[3] छूट गई
कायम मिसले रकाब रहती पीरी

१- भाग्य २- आकाश ३- लगाम

باشاہد شوخ وشنگ و بابربط و نے
کنجے وکبا بے دیکھے شیشۂ مے
چوں گرم شود زبادہ ما را رگ و پے
منت بزم بیک جو از حاتم طے

سامانِ مسرّت میسّر ہوں، یعنی گوشۂ عزلت ہو، مئے عرفاں ہو، نغمات الٰہی کانوں میں گونجتے ہوں اور محبوبِ حقیقی کا تصور ہو تو پھر اس کو کس چیز کی حاجت۔

ہو دلبرِ شوخ و شنگ اور بربط و نے
گوشہ ہو، کباب ہو، اور ایک شیشۂ مے
جب رگ پٹھے میں مے سے گرمی آجائے
پھر کون اٹھائے منتِ حاتم طے

हो दिलबरे शोख़ोशंग[1] और बरबतो[2] नये[3]
गोशा[4] हो कबाब हो और इक शीशाये मय
जब रग पट्ठे में मये से गर्मी आ जाये
फिर कौन उठाये मिन्नते हातम तय

१-चंचल २-बाजा ३-बांसुरी ४-कोना ५-शराब का
प्याला

گل را دیدم نشستہ بر تخت شہی
گفتا بشنو راستی ار مرد رہی
من طفل دو ہفتہ، مرا می سوزند
اے وائے تو کہ پیری - دیر گنہی

نصیحت کا پیرایہ کس قدر موثر اور دل کش ہے کہ جب معصوم مستوجبِ سزا قرار دیے گئے تو خدا جانے گناہ گار کا کیا حشر ہو۔

مجھ سے مسند نشین گُل نے یہ کہا
تو غور سے سُن اگر ہے مردِ منزل
معصوم ہوں، بچہ ہوں، جلاتے ہیں مجھے
پھر کیا ہو، تو ہے پیرِ گناہوں سے خجل

मुझसे मसनद[1]नशीन गुल ने यह कहा ।
तू गौर से सुन अगर है मरदे मंजिल ।
मासुम हूं बच्चा हूं जलाते हैं मुफे ।
फिर क्या हो' तू है पीर गुनाहों से [2]खजल

१- गद्दी पर बैठा हुआ २- शरमिन्दा ।

گُل گفت اگر دستگہے داشتمے
بگریختمے اگر رہے داشتمے
با بے گنہی مرا چنیں می سوزند!
اے وائے بمن گر گنہے داشتمے

اگر مقدرت ہوتی اور کوئی ذریعہ پاتا تو قضا وقدر سے بچ کر نکل جاتا اور عذاب سے نجات پاتا مگر ناممکن ہے اس لئے عاجز ہوں معصوم ہوں پھر بھی مجھے جلاتے ہیں گناہ گار ہوتا خدا جانے کیا ہوتا۔

گُل نے یہ کہا جو مجھ میں قُدرت ہوتی
کچھ راہ جو پاتا تو نکل ہی جاتا
معصوم ہوں گو پھر بھی جلاتے ہیں مجھے
عاصی ہوتا تو کیا خبر ہوتا کیا!

गुल ने यह कहा जो मुझ में कुदरत[1] होती
कुछ राह जो पाता तो निकल ही जाता
मासूम हूं गो फिर भी जलाते हैं मुझे
आसी[2] होता तो क्या खबर क्या होता
१- शक्ति   २- पापी

گر ہمچو من افتادۂ ایں دام شوی!
اے بس کہ خراب بادۂ و جام شوی!
ما عاشق و رند و مست عالم سوزیم
با ما منشیں وگرنہ بدنام شوی

اے زاہد! ہم رند و مے نوش اور عاشق ہیں
ہماری صحبت قبول نہ کر ورنہ بدنام ہو جائیگا
مثل مشہور ہے "بد ہو، بدنام نہ ہو" ـ
صحبتِ رنداں سے واجب ہے حذر
جام مے اپنے کو کھینچا چاہیئے
غالب

میری طرح اس جال میں تو بھی پھنسا!
ہوتا مدہوش اور شغل مئے و جام
ہم لوگ ہیں رند و مست اور عاشق بھی
ہم میں مل کر نہ بیٹھ۔ ہوگا بدنام!

मेरी तरह इस जाल में तू भी फसता।
होता मदहोश और शगले मयोजाम।
हम लोग हैं रिन्दो मस्त और आशिक भी हैं
हम में मिल कर न बैठ, होगा बदनाम

تمام بہشت و دوزخ و عقدہ کشائے
مارا نگذارد کہ در آئیم زپائے
تاکے بود ایں گرگ ربائی از خاک
سر پنجۂ دشمن افگن اے شیر خدائے

اے شیر خدا! ہم دشمنوں کے نرغے میں ہیں۔ ان میں نفس امارہ نہایت خوفناک دشمن ہے، اٹھ اور نگہبانی کر تاکہ ہمیں کوئی خوف باقی نہ رہے۔

تو عقدہ کشا ہے جنت و دوزخ کا
غافل نہیں مجھ سے میں نہیں گر سکتا
کیا خوف ہے نفس گرگ طینت سے مجھے
مغلوب عدو کو کر تو اے شیر خدا

तू उकदा[1] कुशा है जन्नतो दोजख का ।
गाफिल नही मुझसे मे नही गिरसकता
क्या खौफ है नफसे गुर्ग तीनत से मुझे
मगलूब[2] उर्दू को कर तू ऐ शेरे खुदा

१- भेद बताने वाला　　२- पराजित करना

حافظ ورق سخن در آئے طے کن
ویں خامۂ تزویر ریائی پے کن
خاموش نشیں کہ وقت خاموشی تست
در درکش و جام بادہ را پر مے کن

اے حافظ تیرے قلم سے مکر وریا کی بو آ رہی ہے، شعر گوئی کو خیر باد کہہ، سکوت اختیار کر اور مصروف شغلِ مئے و جام ہو۔

حافظ کر ختم زمزمہ سنجی کو
اور اپنے ریاکار قلم کو رکھ دے
چپ بیٹھ کہ ہے وقت خموشی کا تری
اب جام میں تو شراب بھر کر پی لے

हाफिज़ कर खत्म ज़मज़मा संजी को
और अपने रियाकार कलम को रख दे
चुप बैठ कि है वकत खामोशी का तेरी
अब जाम में तू शराब भर कर पीले

१- गीत गाना　　२- छलफरेब करने वाला

باعیات حافظ
شیرازی



قیمت فی کتاب تین روپیہ 3/

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشران. مشورہ بک ڈپو
رام نگر. کرشن نگر دھلی 51

مطبوعہ. اعلیٰ پرنٹنگ پریس دہلی 6

ناول و ادبی کتابیں

مجلد ایڈیشن

نام کتاب	مصنف	قیمت	نام کتاب	مصنف	قیمت
دیوتا کی عورت	دت بھارتی	5/-	دکھ کے بادل سکھ کی پھوار	رشید مدراسی	5/-
چشمے کا پتھر	اے حمید	"	بہارا آنے تک	مضطر ہاشمی	"
ایک بوند لہو کی	جوگندر پال	"	سفید شیطان اول	"	"
آگ میں پھول	اے حمید	"	" " دوم	"	
وادیاں اور ویرانے	ٹھاکر پونچھی	"	ایشین ٭ لاکھ	جمیل انجم	"
مریم	الیاس احمد	"	یہودیوں کا قاتل	"	
بھیگی دھڑکن	سعید امرت	"	قفس ادا سے	ٹھاکر پونچھی	"
انتظار	مضطر ہاشمی	"	انداز غالب		
کرشن کیلر	پردیپ	"	دیوان غالب	ترتیب کمار شاد	5/-
شگفتہ نغمے	جمیل انجم	"	تاریخ اردو ادب	درد نکودری	6/-
رنگ کا پتہ	امرتا پریتم	"	بدنام	مضطر ہاشمی	5/-
ایک کلی نازک سی	نظمی صدیقی	"	بس راہ پہ جاتا ہوں	جمیل انجم	"
شام غزل	کوثر چاندپوری	"	انتظار	مضطر ہاشمی	"
آسمان	جمیل انجم	"	عروس فطرت	اثر لکھنوی	"
نے سکے	دت بھارتی	"			
مہرو	رشید مدراسی	"	ہر کتاب کا محصول ڈاک الگ ہوگا		
غازی صلاح الدین	ضیا عظیم آبادی	"			

مشورہ بک ڈپو 3 رام نگر کرشن نگر دہلی 51

ناول و ادبی کتابیں

مجلد ایڈیشن

نام کتاب	مصنف	قیمت	نام کتاب	مصنف	قیمت
دیوتا کی عورت	دت بھارتی	-/5	دکھ کے بادل سکھ کی پھوار	رشید ہمدانی	-/5
چشمے کا پتھر	اے حمید	"	بہار آنے تک	مظفر ہاشمی	"
ایک بوند لہو کی	جوگندر پال	"	سفینہ شیطان اول	"	"
آگ میں پھول	اے حمید	"	" " دوم		
وادیاں اور ویرانے	ٹھاکر پونچھی	"	ایشین ۷ لاکھ	جمیل انجم	"
مریم	الیاس احمد	"	یہودیوں کا قاتل	"	
بھیگی دھڑکن	سعید امرت	"	قفس ادا سے	ٹھاکر پونچھی	"
انتظار	مظفر ہاشمی	"	انداز غالب		
کرسٹین کیلر	پردیپ	"	دیوان غالب	ترتیب کمار شاد	-/5
شگفتہ نغمے	جمیل انجم	"	تاریخ اردو ادب	درد نکودری	-/6
رنگ کا پتہ	امرتا پریتم	"	بدنام	مظفر ہاشمی	-/5
ایک کلی نازک سی	نظمی صدیقی	"	جس راہ پہ جاتا ہوں	جمیل انجم	"
شام غزل	کوثر چاندپوری	"	انتظار	مظفر ہاشمی	"
آسمان	جمیل انجم	"	عروس فطرت	اثر لکھنوی	"
نئے سکے	دت بھارتی	"			
ہیرو	رشید ہمدانی	"	ہر کتاب کا محصول ڈاک الگ ہوگا		
غازی صلاح الدین	ضیا عظیم آبادی	"			

مشورہ بک ڈپو 36 رام نگر کرشن نگر دہلی 51